

# کرونا وائرس

## سے بچاؤ کا ہدایت نامہ

برائے

شاپس، سٹورز اور

## انڈسٹریل یونٹس

محکمہ برائے صنعت تجارت

سرمایہ کاری اور تشکیلِ ہنرمندی

حکومت پنجاب

# فہرست مضامین


**اقدامات جو تمام مالکان ملازمین کے کوویڈ-19 سے متاثر ہونے کے خطرہ میں کمی کے لیے لے سکتے ہیں** صفحہ 3

- متعدی بیماری کے خلاف تیاری اور جوابی ایکشن ترتیب دیں
- انفیکشن سے بچاؤ کے بنیادی اقدامات پر عمل درآمد کی تیاری کریں

**کام کی جگہ کے ضابطوں پر عمل درآمد کروائیں** صفحہ 7

- انجینئرنگ سے متعلق ضابطے
- انتظامی ضابطے
- کام کا محفوظ طریق کار

**صحت مند کاروباری سرگرمیاں برقرار رکھیں** صفحہ 10

- بیماری کی تعطیل، ترمیم شدہ شفٹیں اور معاون پالیسی اور ضابطہ عمل کا اطلاق کریں
- اپنے ضروری کاموں کا اندازہ لگائیں

**کوویڈ 19 کا پھیلاؤ روکنے کے لیے عمومی معیاری طریق کار یا سٹینڈرڈ آپریٹنگ پروسیجرز (ایس او پیز)** صفحہ 12

**صنعتی اداروں کے لیے ایس او پیز یا معیاری طریق کار** صفحہ 14

- صنعتی زون
- انٹر سٹی ٹرانسپورٹ
- صنعتی کام کی جگہ
- صنعتی ادارہ یا احاطہ میں اشیاء کی نقل و حمل
- تعمیراتی مقامات کے لیے ایس او پیز یا معیاری طریق کار

**مختلف دکانوں اور سٹورز کے لیے ایس او پیز یا معیاری طریق کار** صفحہ 23

- پرچون کی دکانوں اور سٹورز کے لیے ایس او پیز یا معیاری طریق کار
- دودھ کی دکانوں کے لیے ایس او پیز یا معیاری طریق کار
- میڈیکل/ جنرل سٹورز کے لیے ایس او پیز یا معیاری طریق کار
- تندوروں کے لیے ایس او پیز یا معیاری طریق کار
- گوشت کی دکانوں کے لیے ایس او پیز یا معیاری طریق کار






## اقدامات جو تمام مالکان ملازمین کے کوویڈ-19 سے متاثر ہونے کے خطرہ میں کمی کے لیے لے سکتے ہیں



کارکنوں کے کورونا وائرس سے متاثر ہونے کے خلاف حفاظتی اقدامات کا انحصار ان کے کام کی نوعیت، اور انہیں درپیش خطرے پر ہے۔ جیسا کہ متاثرہ افراد کے ساتھ ان کا میل جول کتنا ہے اور کام کا ماحول کتنا آلودہ ہے۔ مالکان یا آجرین کو انفیکشن کے سد باب کے لیے ایسی حکمت عملی اپنانا چاہیے جو انجینئرنگ اور انتظامی پابندیوں کے مناسب حربے، کام کے حفاظتی طریقوں، اور کارکنوں کو وائرس سے بچاؤ کے لیے ذاتی حفاظتی آلات کے استعمال کے ذریعے انہیں لاحق خطرے کی مفصل جانچ پڑتال ہو۔

اس حصہ میں وہ بنیادی اقدامات بتائے گئے ہیں جو ہر مالک یا آجر کام کی جگہ پر اپنے کارکنوں کو ریسپائریٹری سارس کووِڈ 2 سے متاثر ہونے کے امکان کو کم کرنے کے لیے لے سکتا ہے۔ یہ وہ وائرس ہے جو کووِڈ-19 کا باعث بنتا ہے۔

## اقدامات جو تمام مالکان ملازمین کے کووِڈ-19 سے متاثر ہونے کے خطرہ میں کمی کے لیے لے سکتے ہیں



متعدی بیماری کے خلاف تیاری اور جوابی لائحہ عمل ترتیب دیں۔ اگر یہ پہلے سے موجود نہیں تو متعدی بیماری سے نمٹنے کے لیے ایسا مستعد جوابی لائحہ عمل تیار کریں جس کے تحت کووِڈ-19 سے بچاؤ کے لیے حفاظتی اقدامات لیے جا سکیں۔ ایسے لائحہ عمل میں یہ مدنظر رکھا جائے کہ کسی سائٹ پر یا کسی کام میں اس کی نوعیت کے لحاظ سے خطرات کس قدر ہو سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر:

**کارکن سارس کووِڈ 2 سے کہاں، کیسے اور کن ذرائع سے متاثر ہو سکتے ہیں، بشمول:**

- عام عوام، صارفین اور ساتھی کارکن؛ اور
- بیمار افراد یا جن افراد کو انفیکشن ہونے کا خاص طور پر زیادہ خطرہ ہے (مثال کے طور پر بین الاقوامی مسافر جنہوں نے ایسے مقامات کا دورہ کیا ہے جہاں بڑے پیمانے پر کووِڈ-19 کا پھیلاؤ برقرار / جاری ہے، صحت سے متعلق کارکنان جنہیں ایسے افراد کا سامنا رہا ہو جو کووِڈ-19 سے متاثر ہوں یا انہیں ایسا ہونے کا شبہ ہو)۔
- خطرے کے گھریلو یا معاشرت میں موجود غیر پیشہ ورانہ عوامل
- کارکنوں کو لاحق خطرے کے انفرادی عوامل (جیسے عمر رسیدہ ہونا؛ دائمی طبی حالت کی موجودگی بشمول ایسی حالت کے جس میں امیونٹی نظام کمزور پڑ جاتا ہو؛ حمل)۔
- ان خطرات سے نمٹنے کے لیے ضروری ضوابط۔

درج ذیل حصوں میں بتائے گئے دیگر اقدامات کو بھی اس لائحہ عمل میں مدنظر رکھا جا سکتا ہے جو مالکان یا آجرین کام کی جگہ پر اپنے کارکنوں کو ریسپائریٹری سارس کووِڈ 2 سے متاثر ہونے کے امکان کو کم کرنے کے لیے لے سکتے ہیں۔





## انفیکشن سے بچاؤ کے بنیادی اقدامات پر عمل درآمد کی تیاری کریں



زیادہ تر مالکان کے لیے کارکنوں کی حفاظت انفیکشن سے بچاؤ کے بنیادی اقدامات پر زور دینے پر منحصر ہوگی۔ جہاں موزوں ہو تمام مالکان کو صفائی ستھرائی اور انفیکشن سے بچاؤ کے اچھے طور طریقوں پر عمل کرنا چاہیے بشمول:

- ہاتھ بار بار اور اچھی طرح سے دھونے کی ترغیب دیں، مثلاً کارکنوں، صارفین اور کام کے مقام پر آنے والے افراد کو ہاتھ دھونے کی جگہ فراہم کرکے۔
- اگر صابن اور بہتا پانی فوری دستیاب نہ ہو تو ایسے ہاتھ صاف کرنے کے لیے ایسے الکحل فراہم کریں جس میں کم از کم 60 فی صد الکحل ہو۔
- بیمار ہونے پر کارکنوں کو گھر پر رہنے کی ترغیب دیں۔
- سانس کے آداب کی حوصلہ افزائی کریں، جیسے کھانسی اور چھینک کو کیسے چھپایا جائے تاکہ دوسرے افراد متاثر نہ ہوں
- کسٹمرز اور عام لوگوں کو ٹشوز اور انہیں استعمال کے بعد پھینکنے کے لیے ٹوکری فراہم کریں۔
- مالکان کو کھوج لگانا چاہیے کہ آیا وہ ایسی پالیسیاں اور طریقہ کار وضع کر سکتے ہیں، جیسے غیر معین ورک سائٹ (مثلاً ٹیلی کمیوٹنگ) اور لچک دار کام کے اوقات (جیسے مقام اور اوقات اس طرح ترتیب دینا کہ بھیڑ کم ہو جائے)، تاکہ سماجی دوری کی حکمت عملی کے مطابق ملازمین کے مابین اور ملازمین اور دوسروں کے درمیان جسمانی فاصلے کو بڑھایا جا سکے۔



- جب ممکن ہو کارکنوں کے دوسرے کارکنوں کے فون، ڈیسک، دفاتر یا کام کے اوزار اور سامان استعمال کرنے کی حوصلہ شکنی کریں۔
- دیکھ ریکھ میں باقاعدگی رکھیں، بشمول معمول کی صفائی اور سطحوں، ساز و سامان، اور کام کے ماحول کے دیگر عناصر کی جراثیم کشی کے۔ صفائی کرنے والے کیمیکلز کا انتخاب کرتے وقت مالکان کو منظور شدہ جراثیم کش لیبلوں کو مدنظر رکھنا چاہیے جن کا دعویٰ ہو کہ وہ ابھرتے ہوئے وائرل پیتھوجنز کے خلاف موثر ہیں۔
- صفائی اور جراثیم کشی کی تمام مصنوعات کے استعمال کے لیے انہیں بنانے والوں کی ہدایات پر عمل کریں (جیسے ارتکاز، استعمال کا طریقہ اور وقت، پی پی ای)۔
- اگر مناسب ہو تو بیمار لوگوں کی فوری شناخت اور انہیں دوسروں سے علیحدہ کرنے کے لئے پالیسیاں اور طریقہ کار وضع کریں۔

- متعدی مرض سے متاثرہ افراد کی فوری شناخت اور علیحدگی کسی بھی کام کی جگہ پر کارکنوں، کسٹمرز، آنے جانے والوں، اور دیگر افراد کی حفاظت کے لئے ایک اہم اقدام ہے۔
- اگر ممکن ہو تو کوشش ہو کہ آجروں کو کارکنوں کو کووڈ-19 کی علامات کے لیے خود کو مانیٹر کرنے کے بارے میں آگاہ کرنا اور ان کی حوصلہ افزائی کرنی چاہیے۔
- مالکان کو چاہیے کہ وہ ایسی پالیسی اور طریق کار وضع کریں جس کے تحت ملازمین بیمار ہونے یا کووڈ-19 کی علامات کا سامنا کرنے پر رپورٹ کر سکیں۔
- جہاں مناسب ہو، آجروں کو فوری طور پر ایسے افراد کو الگ تھلگ کرنے کے لئے پالیسیاں اور طریقہ کار تیار کرنا چاہئے جن میں کووڈ-19 کی علامات ہوں، اور کارکنوں کو ان پر عمل درآمد کی تربیت دیں۔ امکانی طور پر متعدی افراد کو کارکنوں، کسٹمرز اور دوسرے ملاقاتیوں سے دور کسی مقام پر منتقل کر دیں۔
- اگرچہ زیادہ تر کام کی جگہوں میں علیحدگی کے کمرے مخصوص نہیں ہوتے ہیں لیکن عمارت کے ایسے نامزد کردہ حصوں جن میں بند ہو سکنے والے دروازے ہوں میں ممکنہ طور پر بیمار اشخاص کو الگ تھلگ رکھا جا سکتا ہے جب تک کہ انہیں ورک سائٹ سے کہیں اور نہ لے جایا جائے۔
- کسی ایسے شخص کی سانس کی رطوبت کے پھیلاؤ کو محدود کرنے کے لئے اقدامات کریں جس میں کووڈ 19 ہو سکتا ہو۔ اس شخص کو چہرہ کا ماسک دیں اور اسے اس کو پہننے کو کہیں۔






کورونا وائرس - روک تھام کے لئے ہدایت نامہ

## کام کی جگہ کے ضابطوں پر عمل درآمد کروائیں



پیشہ وارانہ حفاظت اور صحت سے متعلق پیشہ ور افراد کام کی جگہ کے خطرات پر قابو پانے کے طریقوں کا انتخاب کرنے کے لئے "کنٹرولز کے درجے" کے نام سے ایک فریم




ورک استعمال کرتے ہیں۔ دوسرے لفظوں میں خطرے پر قابو پانے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ اسے منظم طریقے سے کام کی جگہ سے ہٹایا جائے بجائے اس کے کہ کارکنوں سے توقع کی جائے کہ وہ خود کو اس سے بچائیں۔ کام کے مقامات پر موجود کارکنوں کو انسانی، کیمیائی، حیاتیاتی اور دیگر خطرات کا سامنا ہوتا ہے جس کی وجہ سے وہ متعدد بیماریوں کا شکار ہو جاتے ہیں۔ یہاں کووڈ-19 ایک متعدی حیاتیاتی خطرہ ہے۔
افرادی قوت کے ، باہمی اس حیاتیاتی ایجنٹ کے پھیلاؤ کو کم کرنے کے لیے انتظامیہ یا معیاری طریقۂ کار وضع کیے گئے ہیں تاکہ ان پر سختی سے عمل کیا جائے۔

## انجینئرنگ سے متعلق ضابطے

انجینئرنگ سے متعلق ضابطوں کا مطلب ملازمین کو کام سے متعلق خطرات سے علیحدہ کرنا ہے۔ کام کی جگہوں پر جہاں وہ مناسب ہیں، کام کرنے والے کے طرز عمل پر انحصار کیے بغیر ایسے ضابطے ان کے خطرات سے دوچار ہونے کے امکان کو کم کرتے ہیں اور اطلاق طور پر یہ سب سے زیادہ کم لاگت ثابت ہو سکتے ہیں۔
سارس-کوو-2 کے لئے انجینئرنگ ضابطوں میں شامل ہیں:

- اعلیٰ کارکردگی والے ایئر فلٹرز کی تنصیب کرنا۔
- کام کے ماحول کو ہوا دار رکھنا۔
- رکاوٹیں لگانا، جیسے شفاف پلاسٹک کے چھینک گارڈز
- کسٹمرسروس کے لیے ڈرائیو تھرو کھڑکی لگانا

## انتظامی ضابطے

انتظامی ضابطے کارکن یا آجر کے عمل کا تقاضا کرتے ہیں۔ عام طور پر، انتظامی ضابطے کام کی پالیسی یا طریقہ کار میں ایسی تبدیلیاں ہیں جن سے خطرہ کا سامنا کم سے کم کیا جا سکے۔
سارس-کوو-2 کے انتظامی ضابطوں کی مثالیں یہ ہیں:

- بیمار کارکنوں کو گھر رہنے کی ترغیب دینا۔
- آمنے سامنے ملاقاتوں کی جگہ ورچوئل مواصلات اور اگر ممکن ہو تو ٹیلی ورک کے نفاذ کے ذریعہ کارکنوں، کلائنٹس اور کسٹمرز کے مابین رابطے کو کم کرنا۔
- متبادل دنوں یا اضافی شفٹوں کے قیام سے کسی ایک وقت میں کام کی جگہ پر ملازمین کی کل تعداد کو کم کرنا تاکہ وہ ایک دوسرے سے فاصلہ بھی برقرار رکھ سکیں اور کام کا ہفتہ بھی پورا ہو۔
- کووڈ-19 پھیلاؤ والے مقامات کی جانب غیر ضروری سفر جاری نہ رکھنا۔





- اگر ممکن ہو، ہنگامی مواصلاتی منصوبہ بنانا، جس میں کارکنوں کے خدشات کے جواب اور انٹرنیٹ پر مبنی مواصلات کے لئے ایک فورم بھی شامل ہو۔



- کارکنوں کو کووڈ-19 خطرے والے عوامل اور حفاظتی طرز عمل (جیسے کھانسی کے آداب اور پی پی ای کی دیکھ بھال) کے بارے میں تازہ ترین تعلیم اور تربیت فراہم کرنا۔
- ایسے کارکنان کی تربیت کرنا جنہیں موجودہ یا آئندہ فرائض کے تناظر میں حفاظتی لباس اور سامان کا استعمال کرنا ہو کہ اسے صحیح طور سے کیسے استعمال کیا جائے، پہنا اور اتارا جائے۔
- تربیتی مواد کو سمجھنے میں آسان ہونا چاہئے اور تمام کارکنوں کے لیے موزوں زبان اور ان کی خواندگی کی سطح کے مطابق دستیاب ہونا چاہئے۔

## کام کا محفوظ طریق کار

کام کا محفوظ طریق کار انتظامی ضابطوں کی ایک قسم ہے جس میں محفوظ اور مناسب کام کے ایسے طریقہ کار شامل ہیں جن سے خطرہ کا سامنا کرنے کے دورانیے اور شدت میں کمی لائی جا سکتی ہے۔
سارس-کوو-2 سے محفوظ کام کے طریقوں کی مثالیں یہ ہیں:

- وسائل اور کام کا ایسا ماحول فراہم کرنا جو ذاتی حفظان صحت کو فروغ دیتا ہو۔ مثال کے طور پر کارکنوں کو ٹشو، نو ٹچ ٹریش کین، ہاتھ دھونے کا صابن، الکحل پر مبنی ہاتھوں پر ملنے والا محلول جس میں کم سے کم 60 فیصد الکحل ہو، جراثیم کش اور اپنے کام کی سطحوں کو صاف کرنے کے لیے ڈسپوزایبل تولیے مہیا کرنا۔
- باقاعدگی سے ہاتھ دھونے یا الکحل پر مبنی ہاتھ صاف کرنے کے محلول کا استعمال لازمی قرار دینا۔ جب بھی ہاتھ گندے لگیں یا ذاتی حفاظتی آلات اتارے جائیں ہاتھوں کو خوب دھویا جائے۔
بیت الخلا میں ہاتھ دھونے کے اشارے چسپاں کریں۔
- اجلاسوں اور اجتماعات میں شرکت کے وقت خیال رکھیں:
- خوب غور کریں کہ کیا سفر ضروری ہے یا نہیں۔
- کام سے متعلقہ اجلاسوں اور اجتماعات کے لئے جب ممکن ہو تو ویڈیو کانفرنسنگ یا ٹیلی کانفرنسنگ کے استعمال پر غور کریں۔
- کام سے متعلق ایسے بڑے اجلاسوں کو منسوخ، تبدیل یا ملتوی کرنے پر غور کریں جن میں ذاتی طور پر شرکت ضروری ہو۔
- جب ویڈیو کانفرنسنگ یا ٹیلی مواصلات ممکن نہ ہو تو کھلی ہوا دار جگہوں پر اجلاس یا میٹنگ کا انعقاد کریں۔
- باہمی مشترک حاضری، اگر ہے تو چھوڑ دیں۔

## صحت مند کاروباری سرگرمیاں برقرار رکھیں







کام کی جگہ پر کسی ایسے کوآرڈینیٹر یا رابطہ کار کا انتخاب کریں جو کووِڈ-19 معاملات اور وہاں ان کے اثرات کا ذمہ دار ہو گا۔

## بیماری کی قابل ترمیم چھٹی اور معاون پالیسی اور ضابطہ عمل کا اطلاق کریں



- اس بات کو یقینی بنائیں کہ بیماری کی چھٹی کی پالیسیاں لچک دار ہوں اور ملازمین ان پالیسیوں سے واقف ہوں اور انھیں سمجھیں۔
- ایسی لچک دار پالیسیاں برقرار رکھیں جو ملازمین کو گھر میں کسی بیمار فرد یا سکول اور چائلڈ کیئر بند ہونے کے باعث بچوں کی دیکھ بھال کے لیے گھر رہنے کی اجازت دیتی ہوں۔
- اضافی لچک یہ بھی ہو سکتی ہے کہ مستقبل کی بیمار رخصت پہلے سے دی جائے اور ملازمین ایک دوسرے کو بیمار رخصت عطیہ کر سکیں۔
- وہ آجر جو اس وقت اپنے کارکنوں یا کچھ ملازمین کو بیمار رخصت نہیں دیتے وہ سزا کے بغیر "ایمرجنسی بیمار رخصت" کی پالیسی وضع کر سکتے ہیں۔
- آجروں کو چاہیے کہ بیمار ملازمین سے ان کی بیماری کی تصدیق، بیمار رخصت کے اہل ہونے یا
ہو سکتا ہے کہ صحت کی دیکھ بھال فراہم کرنے والے دفاتر اور طبی سہولیات انتہائی مصروف ہوں اور وہ وقت پر اس طرح کی دستاویزات فراہم نہ کر سکیں۔

## اپنے ضروری کاموں کا اندازہ لگائیں

- اگر ضروری سرگرمیوں کو برقرار رکھنا ہو تو ان کو کرنے کے لیے اپنے کاروباری طریقوں کو تبدیل کرنے کے لیے تیار رہیں (جیسے متبادل سپلائرز کی نشاندہی کریں، موجودہ کسٹمرز کو ترجیح دیں یا اگر ضرورت ہو تو اپنے کچھ کام عارضی طور پر معطل کریں)۔
- اہم سامان اور خدمات کے لیے متبادل سپلائی چین کی کھوج لگائیں۔ کچھ سامان اور خدمات کی زیادہ مانگ ہو سکتی ہے یا ہو سکتا ہے وہ دستیاب نہ ہوں۔
- ایسی کمپنیوں سے بیمار ملازمین کے گھر بیٹھنے کی اہمیت کے بارے میں بات کریں جو آپ کے کاروبار کو معاہداتی یا عارضی ملازمین مہیا کرتی ہیں اور ان کی سزا کے بغیر چھٹی کی پالیسی تیار کرنے میں حوصلہ افزائی کریں۔
- کاروباری شراکت داروں سے متعدی مرض سے نمٹنے کے لیے اپنے جوابی منصوبوں کے بارے میں بات کریں۔ ان پر عمل درآمد کی بہترین مثالوں کے بارے میں اپنی کمیونٹی (خاص طور پر آپ کی سپلائی چین میں شامل) دوسرے اداروں، چیمبر آف کامرس اور ایسوسی ایشنز کو بتائیں تاکہ کمیونٹی کی جوابی کوششوں کو بہتر بنایا جا سکے۔

# کوڈ 19 کا پھیلاو روکنے کے لیے عمومی معیاری طریق کار یا سٹینڈرڈ آپریٹنگ پروسیجرز (ایس او پیز)










جگہ کو جراثیم سے پاک کریں

جراثیم سے پاک کرنے کے لیے واک تھرو ڈس انفیکشن گیٹ لگائیں (جہاں ممکن ہو)

داخلے پر ٹمپریچر یا جسم کا درجہ حرارت چیک کریں



گلوز پہنیں

ماسک پہنیں

ڈسپوزایبل ٹشو کے ساتھ ہاتھ خشک کریں



ایک دوسرے سے 1.5 میٹر کی دوری برقرار رکھیں

زمین پر مت تھوکیں

اپنی کہنی میں چھینکیں، اپنی چھینک یا کھانسی کو چھپائیں

# صنعتی اداروں کے لیے ایس او پیز یا معیاری طریق کار





کورونا وائرس - روک تھام کے لئے ہدایت نامہ

## صنعتی زون



تمام انڈسٹریل اسٹیٹس، بڑی یا چھوٹی جو پی آئی ای ڈی ایم سی، ایف آئی ای ڈی ایم سی اور پی ایس آئی سی کے تحت ہوں یا نجی شعبے میں قائم ہوں، کو ان قواعد پر عمل کرنا ہوگا۔ انہیں عمومی حفاظتی ایس او پیز کے ساتھ ملا کر پڑھا اور ان پر عمل کرنا ہوگا۔

- کسی بھی زون میں آنے اور جانے کے راستوں پر سختی سے نگرانی کی جائے اور جہاں ممکن ہو داخلے پر پابندی بھی لگائی جا سکتی ہے۔
- علاقے میں داخل ہونے اور باہر جانے والے تمام افراد اور گاڑیوں کا ریکارڈ رکھا جائے گا۔
- زون میں داخل ہونے والے تمام افراد میں بخار اور کووڈ-19 کی دوسری علامات جس میں فلو، کھانسی اور گلے میں درد شامل ہے کا جائزہ لیا جا سکتا ہے۔
- مشتبہ افراد کو ان کے ٹیسٹ کے نتائج کی وصولی تک اور ٹیسٹ کے مثبت نتائج آنے کی صورت میں مزید عمل تک قرنطینہ میں رکھا جائے گا۔
- محکمہ صنعت کی آڈٹ ٹیم ہر زون کا روزانہ دورہ کرے گی اور ان ایس او پیز کے اطلاق کا جائزہ لے گی۔
- صنعتی زون میں رہائشی علاقے یا کسی ایک گھر جیسی صورت حال میں بھی اس قسم کی کارروائی کی جا سکتی ہے۔

## انڈسٹریل اسٹیٹ دفاتر



اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ کام کرنے کی جگہ ہر وقت صاف اور حفظان صحت کے مطابق ہو۔ کام کرنے کی جگہوں اور زیادہ لوگوں کے استعمال میں آنے والی اشیاء، جیسے دروازوں کے ہینڈلز، کاپی مشین، پرنٹرز، وقفے کیلئے مختص کمرے، ریموٹس، بجلی کے سوئچ، کو روزانہ تین مرتبہ جراثیم کش سے صاف کریں۔ ڈیسک اور میز کی سطحیں، ٹیلی فون اور کی بورڈ جیسی چیزیں جراثیم کش سے باقاعدگی سے صاف کی جائیں۔

- سینیٹائزرز کو داخلی راستوں پر رکھا جائے اور ملازمین کو جراثیم کش وائپس دیے جائیں۔
- کام کی جگہ داخل ہونے سے پہلے ہر شخص کے لباس پر جراثیم کش سپرے کیا جائے۔
- ہاتھوں کے لیے جراثیم کش محلول والے ڈسپنسرز کو کام کی جگہ پر نمایاں مقام پر رکھا جائے اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ انہیں باقاعدگی سے بھرا جائے۔


محکمہ برائے صنعت تجارت سرمایہ کاری اور تشکیل ہنرمندی



- حفظانِ صحت کی اچھی عادات کو (پوسٹرز سمیت دیگر ذرائع سے) فروغ دیا جائے۔
- سانس کی حفظانِ صحت کو فروغ دینے کے لیے فراہم کیے گئے پوسٹرز لگائے جائیں اس کے ساتھ دوسرے انتظامی اقدامات جیسے کہ پیشہ ورانہ صحت اور حفاظتی افسران سے رہنمائی، اجلاسوں میں بریفنگ اور انٹرانیٹ وغیرہ پر معلومات کی فراہمی کا بھی اہتمام کیا جائے۔
- اگر ممکن ہو تو صنعتی یا کمرشل اداروں کے منیجر کارکنوں بالخصوص خواتین کارکنوں کے لیے پک اینڈ ڈراپ سہولت کا بندوبست کرنے کی تمام تر کوشش کریں گے۔ یہاں اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ کارکن معیاری باہمی فاصلہ (چار سے چھ فٹ) برقرار رکھیں۔
- صنعتی / تجارتی اداروں کے مین گیٹ میں داخل ہونے سے پہلے داخلے کے قریب نصب ہینڈ سینیٹائزرز کے ساتھ ہاتھ صاف کرنے کے بعد ہر کارکن کی ابتدائی اسکریننگ کے لیے معیاری تھرمل گنوں کا زیادہ سے زیادہ استعمال کیا جائے۔ اگر کسی کارکن کا درجہ حرارت معمول سے زیادہ یعنی 37oC یا 98.4oF ہو اور اس میں مزید علامتیں (کھانسی، فلو، سر درد، گلے میں خشکی یا چھینکیں وغیرہ) بھی ظاہر ہو رہی ہوں تو اسے ٹیسٹ کے لئے قریبی سرکاری کورونا اسپتال میں بھیجا جا سکتا ہے۔



- انتظامیہ سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ موجودہ حالات میں کمزور، جسمانی حفاظت، صحت اور دیگر امور سے متعلق مزدوروں کے خدشات سے پوری طرح واقف ہوگی۔
- اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ عملہ، ملازمین اور کسٹمرز کی رسائی ایسی جگہوں تک ہو
- جہاں پر وہ اپنے ہاتھ جراثیم کش صابن اور پانی سے دھو سکیں۔
- کام کرنے کی جگہوں پر حفظانِ صحت کے طریقے سے سانس لینے کو فروغ دیا جائے۔
- ایئر کنڈیشنرز کی نالیاں اچھی طرح جراثیم سے پاک اور صاف کی جائیں۔
- اس بات کو بھی یقینی بنایا جائے کہ کام کی جگہوں پر ایسے افراد کے لیے جنھیں نزلہ، زکام یا کھانسی ہو فیس ماسک اور ٹشو پیپر اور استعمال کے بعد انہیں حفظانِ صحت کے اصولوں کے مطابق پھینکنے کے لیے بند کوڑے دان موجود ہوں۔
- اپنے ملازمین، کنٹریکٹرز اور کسٹمرز کو ہدایت کریں کہ اگر ان کی کمیونٹی میں کووڈ-19 پھیلنا شروع ہو اور کسی کو معمولی کھانسی اور بخار بھی ہو تو گھر پر رہے اور حکام صحت کو مطلع کرے۔
- انتظامیہ کو کسی بھی ہنگامی صورت حال سے نمٹنے کے لیے متعدی مرض کے خلاف تیاری اور جوابی منصوبہ تیار کرنا چاہیے۔
- دفتر کے عملے کو کم سے کم کیا جائے۔
- دفتری عملے کی آمد و رفت اور وقفہ کے لیے مختلف اوقات طے کر کے ایک وقت میں زیادہ افراد کی موجودگی کو کم کیا جائے۔
- عملہ، مہمانوں اور کسٹمرز کے درمیان فاصلہ بڑھانے کے لیے ورک سٹیشنز اور اوقات کار کو پھیلایا جائے۔
- آمنے سامنے اجلاس کے بجائے ویڈیو کانفرنس کو ترجیح دی جائے۔





- ڈلیوری اہلکاروں سے کہا جائے کہ وہ آنے پر کال کریں اور پارسل اور ڈاک استقبالیہ میں آنے کی بجائے چیزیں دفتر کے باہر چھوڑ دیں۔
- داخلی راستوں پر آویزاں کیا جائے کہ متاثرہ مہمان عمارت میں داخل نہ ہوں۔
- ہاتھ ملانے یا گلے ملنے کی بجائے سلام دعا کے متبادل طریقے مثلاً ہاتھ ہلانا یا سر جھکانا استعمال کیے جائیں۔
- جہاں ممکن ہو سکے تمام ملازمین کے لیے گھر سے کام کرنے کی روٹین بنائی جائے۔
- عملے اور مہمانوں کے درمیان ایک میز کا فاصلہ رکھ کر سماجی دوری اختیار کی جائے۔
- لوگوں کی ایک ساتھ بیٹھ کر کھانے کی حوصلہ شکنی کرنے کے لیے تمام میس اور کینٹین میں بیٹھنے کی نشستوں کے مابین کافی فاصلہ رکھیں۔

## صنعتی کام کی جگہ



- ہر شفٹ کے آغاز پر احاطہ یونٹ، جو بھی ہو، کو جراثیم سے پاک کیا جائے۔
- احاطہ یونٹ، جو بھی ہو، ٹائلٹس، صابن، ماسک، دستانے، ٹشوز اور نیپکن/تھرمل سکینرز سے لیس ہوگا۔
- احاطہ یونٹ، جو بھی ہو، میں ابتدائی طبی امداد کا کونا موجود ہوں گے۔
- کورونا وائرس کے خطرے سے بچاؤ کے لیے ہر صنعتی یا کمرشل ادارہ اور اس میں استعمال ہونے والے آلات اور مشینری کو جراثیم سے پاک کیا جائے گا۔
- مشتبہ شخص کو مرکزی قرنطینہ تک منتقلی کے لیے احاطہ یونٹ، جو بھی ہو، ایمبولینس کی دستیابی کے لیے ہاٹ لائن رکھے گا۔
- احاطہ یونٹ، جو بھی ہو، لیب ٹیسٹ کے نتیجہ میں کووڈ-19 کی تصدیق پر فوری بند کر دیا جائے گا اور جب تک اس کی مکمل طور پر صفائی ستھرائی نہیں ہو جاتی اور جراثیم سے پاک نہیں ہو جاتا اس وقت تک بند رہے گا۔
- جہاں بھی اجتماع کی توقع ہو فرش پر کھڑے ہونے والے نشان 4 سے 6 فٹ کے محفوظ فاصلے پر لگائے جائیں گے اور کارکنوں سے کہا جائے گا کہ وہ اپنے حفاظتی نشان ہی کے پاس کھڑے رہیں۔
- صنعتوں کے احاطے میں اردو زبان میں کووڈ-19 کے بارے میں معیاری ایس او پیز آویزاں کیے جائیں گے۔
- دروازوں اور کھڑکیوں کو کھلا رکھ کر ہوا کی آمد و رفت کو یقینی بنایا جائے کام کی جگہ پر کارکنوں کے اکٹھے ہونے سے گریز کیا جائے۔
- جیسا کہ قانون میں موجود ہے ہر کارکن کو کام کے کمرے میں کم از کم پانچ سو مکعب فٹ جگہ دی جائے گی۔




- تمام بیت الخلا صاف ستھرے اور جراثیم سے پاک رکھے جائیں گے اور ہر بار استعمال کے بعد دوبارہ انہیں جراثیم کش کرنے والی مشین کے ساتھ صاف ستھرا اور جراثیم سے پاک کیا جائے گا۔
- کھانے پینے کے لیے ڈسپوزایبل کپ، گلاس اور پلیٹس استعمال ہوں گے۔ ایک بار استعمال کے بعد ان کو تلف کرنا یقینی بنایا جائے گا۔
- انتظامیہ کو تمام ملکیتی تفصیلات جن سے کارکنوں کے کسی بھی طرح سے پریشان ہونے کا امکان ہے سے پہلے لیڈر یونین یا کارکنوں کے نمائندوں سے مشاورت کرنا چاہیے۔
- مکمل احاطہ میں کلورین ملے پانی کا عمومی سپرے روزانہ ایک بار کیا جائے گا۔
- آنکھوں، ناک یا منہ کو چھونے سے گریز کریں اور کم از کم 20 سیکنڈ تک بار بار مستعدی سے ہاتھ دھونے کو یقینی بنائیں۔
- ہر یونٹ کی سطح پر مانیٹرنگ ٹیم ہر شفٹ کی تعمیل کا معائنہ کرے گی۔
- اگر کسی کارکن کے ٹیسٹ میں کورونا مثبت پایا جاتا ہے تو بہرا سے قانون کے مطابق گھر والی بیماری رخصت پر سمجھا جائے۔ مزید برآں، انتظامیہ کو یقینی بنانا چاہیے کہ بیماری چھٹی کی پالیسیاں کورونا وائرس پھیلنے اور ہنگامی حالات کو مد نظر رکھتے ہوئے کافی حد تک لچکدار ہوں۔
- صنعتی / تجارتی اداروں اور تعمیراتی مقامات پر مصروف مزدوروں جو دھوپ میں کام کرتے ہوئے ہوا کے مناسب گزر و مناسب درجہ حرارت کے لئے آجر پنجاب فیکٹریز ایکٹ 1934 (اس کے بعد سے صرف "ایکٹ" کہا جائے گا) کی دفعہ 15 کی تحت تعمیل کو یقینی بنائیں گے تاکہ مزدوروں کی صحت اور تحفظ کو کوئی نقصان نہ پہنچے۔



- میل جول کے معیاری فاصلہ کو یقینی بناتے ہوئے پہلے سے موجود یا عارضی کینٹینوں میں مزدوروں کو رعایتی نرخوں پر حفظان صحت کے مطابق کھانا مہیا کیا جائے گا۔
- ہر صنعتی / تجارتی ادارہ میں ٹھیکیدار / مالک پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ پینے کے صاف پانی کی کافی مقدار میں فراہمی کو یقینی بنائے اور قانون کے تحت ایسے مقامات پر واضح طور پر "پینے کا پانی" کے الفاظ لکھے جائیں۔
- ہر ملازم کو سال میں دو بار ایک حفظان صحت کارڈ مہیا کیا جائے گا جسے آجر کا مقرر کیا ہوا رجسٹرڈ میڈیکل پریکٹیشنر پر کرے گا تاکہ جانچ کے بعد یہ معلوم ہو کہ وہ کسی متعدی یا پیشہ وارانہ بیماری میں مبتلا تو نہیں۔ اس طرح کی جانچ کی فیس کام کی جگہ کا سربراہ یا منیجر برداشت کرے گا۔ اگر ملازم جانچ کے دوران میں کسی متعدی یا پیشہ ورانہ بیماری میں مبتلا پایا گیا ہے تو اسے اس وقت تک کام کرنے کی اجازت نہیں ہوگی جب تک کہ طبی معالج اسے فٹ قرار نہ دے۔
- کسی بھی ہنگامی صورتحال سے فوری اور موثر طور پر نمٹنے کے لئے ابتدائی طبی امداد کے سامان آلات موجود ہونا چاہئیں۔







- ایکٹ کی شق 33 / N کے مطابق کورونا کا ایک مشتبہ معاملہ نوٹیفائیبل بیماری کے طور پر لیا جائے گا اور فیکٹری کا منیجر فوری طور پر اس حادثہ کا نوٹس فیکس، ای میل کے ذریعے اور کسی بھی کوریئر سروس / اسپیشل میسنجر کے ذریعے فیکٹریز انسپکٹر (ریجنل ڈائریکٹر کے لیے ایک نقل کے ساتھ) اور چیف انسپکٹر آف فیکٹریز پنجاب کو بھیجے گا۔
- جیسے ہی کورونا ٹیسٹ کی سہولیات آسانی سے دستیاب ہوں گی، آجر کو تمام کارکنوں کو کوویڈ-19 بیماری کے ٹیسٹ کروانے کے لئے ہر ممکن کوشش اور اس کے بعد ہدایت پر سختی سے عمل کرنا چاہیے۔
- انتظامیہ کو فیکٹری کے احاطے میں داخل ہونے اور باہر آنے والے تمام افراد اور گاڑیوں کا ریکارڈ رکھنا چاہیے۔
- مذکورہ بالا کے علاوہ ہر آجر اپنی ذمہ داریاں پوری کرے گا / گی جنہیں پنجاب پیشہ ورانہ حفاظت اور صحت ایکٹ 2019 کے سیکشن 3 کے میں بیان کیا گیا ہے۔
- حفاظت اور صحت کے نمائندوں کی تربیت کا اہتمام خاص طور پر کوویڈ-19 پھیلنے سے متعلق، اور اس کے تمام اخراجات برداشت کرنا۔



- جیسے ہی یہ سہولیات آسانی سے میسر ہوں، اپنے اخراجات پر کورونا سمیت پھیلنے سے متعلق بیماریوں سے بچاؤ کے لیے ٹیکہ لگوا اور مقرر کرے گا۔
- ملازمین کو کوئی بھی کام شروع ہونے سے پہلے ان کے کام سے وابستہ خطرات اور کورونا وائرس کے حالیہ پھیلاؤ کے پیش نظر اس سے بچاؤ کے ضروری اقدامات سے واقف کرانا اور تعمیل رسا / تحریری شکل میں آگاہ کریں۔
- کام کے مقام پر خطرناک واقعات، حادثات اور پیشہ وارانہ بیماریوں (کورونا سمیت) کے مشتبہ واقعات سمیت تمام حادثات کی تفصیلات عمومی رجسٹر میں درج کریں اور اس کا خلاصہ حکومت کو جمع کروائیں۔
- اگر ممکن ہو تو کیلنڈر / ورکنگ کے متعلق کروا کر کارکنوں، کلائنٹس اور کسٹمرز کے مابین جسمانی رابطوں کو کم کرنا یقینی بنائیں۔

## صنعتی ادارہ یا احاطہ میں اشیا کی نقل و حمل

خام مال اور مشینری کے الگ الگ حصے اور وہ مال جس کی صنعتی یونٹ کو مصنوعات مکمل کرنے کے لیے ضرورت ہوتی ہے، کو صنعتی یونٹ یا احاطہ میں داخلے کی اجازت تب ہی دی جائے گی جب گاڑی کو داخلے کے مقام پر جراثیم سے پاک کیا جائے گا۔

داخلے کے مقام پر اس طرح کا مال لے جانے والی گاڑی کے ڈرائیور، کنڈکٹر/لوڈر اور دیگر عملے کے درجہ حرارت اور کووڈ-19 کی دیگر علامات جیسے فلو، کھانسی اور جوڑوں میں درد وغیرہ کی جانچ کی جائے گی۔

اس طرح کی گاڑی سے وابستہ کسی شخص میں کووڈ-19 کی ایک یا تمام علامات پائی گئیں تو اسے صنعتی یونٹ میں داخل ہونے کی اجازت نہیں ہوگی۔

سٹیل، لکڑی، المونیم، گتہ اور پلاسٹک جیسی اشیا پر کووڈ-19 کئی دن تک برقرار رہتا ہے، لہذا صنعتی یونٹ یا احاطے میں داخلے سے قبل اس طرح کے تمام سامان کی صفائی اور جراثیم کشی کی جائے گی۔

گاڑی میں موجود افراد کے مابین بیٹھنے کا انتظام اس طرح ہو کہ کم از کم تین فٹ کی دوری برقرار رہے۔

ایسی گاڑیوں میں سوار افراد صنعتی یونٹ یا احاطہ میں داخل ہونے سے قبل صابن سے ہاتھ دھوئیں گے اور اس کے بعد ان کے ہاتھوں کو سینیٹائز کیا جائے گا۔

ایسی گاڑیوں پر سوار افراد کو مناسب ساز و سامان، دستانے، ماسک اور گاؤن پہنایا جائے گا۔ مناسب ساز و سامان کے بغیر کسی بھی شخص کو صنعتی یونٹ یا احاطہ میں داخلے کی اجازت نہیں ہوگی۔







## تعمیراتی مقامات کے لیے ایس او پیز یا معیاری طریق کار

اوپر بتائے گئے عمومی احتیاطی ایس او پیز کے علاوہ درج ذیل اقدامات لینا بھی ضروری ہے:



- تعمیراتی سائٹ پر خصوصاً داخلی اور خارجی راستوں پر سیکیورٹی کا خاص انتظام کیا جائے۔
- تعمیراتی سائٹ میں آنے والے تمام کارکنوں کی جانچ کی جائے کہ وہ صحت مند ہیں۔
- تعمیراتی سائٹ پر داخل ہونے یا کام شروع کرنے سے پہلے تمام کارکنوں پر جراثیم کش سپرے لازمی کیا جائے۔
- تعمیراتی کمپنیاں لازمی طور پر سائٹ پر کارکنوں کی تعداد کے مطابق مطلوبہ مقدار میں ماسک، دستانے، صابن، صاف پانی اور سینیٹائزر کی فراہمی کو یقینی بنائیں۔
- تعمیراتی سائٹ سے متعلقہ بیت الخلا میں ہر وقت صابن اور پانی کی فراہمی یقینی بنائیں۔



- کام کے اوقات میں ہر وقت ماسک کا استعمال لازمی ہے۔
- کارکنوں کی ذاتی حفظانِ صحت کے لیے اقدامات کریں اور انہیں مناسب تربیت فراہم کریں۔
- کارکنوں کو کووڈ-19 کی علامات کی خود تشخیص، علامات کی اطلاع اور بیمار ہونے پر گھر رہنے کی صلاح دیں۔
- تعمیراتی سائٹ پر وقفوں کے ساتھ مناسب اوقاتِ کار کو برقرار رکھیں۔
- تمام عملہ کو کام کی جگہ پر بات کرتے ہوئے مناسب فاصلہ قائم کرنے کی صلاح دیں۔
- تمام عملہ کو یہ ہدایت کی جائے کہ وہ کھانا کھاتے وقت ایک دوسرے سے کم سے کم چھ سے آٹھ فٹ کا فاصلہ رکھیں۔
- تعمیراتی سائٹ پر میٹنگ وغیرہ کے لیے کم سے کم چھ فٹ کا فاصلہ رکھیں۔
- تعمیراتی سائٹ پر ایک دوسرے کے ہاتھ کے استعمال کے فون سمیت تمام آلات اور مشینری کے استعمال کی حوصلہ شکنی کریں اور اگر ایسا کرنا ضروری ہو تو انہیں استعمال سے پہلے اور بعد اور دن میں دو سے تین مرتبہ جراثیم کش سپرے کریں۔
- ہر ملازم کو کام کی جگہ پر حفاظت والے اور متعدی امراض سے متعلق تربیت حاصل کرنی چاہیے۔
- ہر ملازم کو ذاتی تحفظ کے کسی بھی آلے کا کورونا وائرس کے پھیلاؤ کو کم کرنے کے لیے استعمال کرنا چاہیے۔
- ادھار کسی آلے یا مشینری کا غلط استعمال نہ کیا جائے۔

- تعمیراتی سائٹ پر بھاری مشنری، کرین، بلڈوزر وغیرہ کو استعمال کرتے وقت دستانوں کا استعمال لازمی کریں اور ہر دو سے تین گھنٹے میں تمام مشنری کے ہینڈل وغیرہ کو جراثیم کش سپرے کریں۔
- تعمیراتی سائٹ پر میٹنگ وغیرہ کے لیے لازمی طور پر کھلی جگہ کا انتخاب کریں۔
- تعمیراتی سائٹ پر عارضی طور پر لگائے گئے رہائشی کنٹینرز میں ایک وقت میں صرف ایک فرد کے رہنے کا انتظام کریں اور ہر روز جراثیم کش سپرے کروائیں۔

## قانونی فوائد:

- ایک محفوظ کارکن بیماری کی صورت میں صوبائی ملازمین کے سماجی تحفظ آرڈیننس، 1965 کے سیکشن-35 کے تحت 120 دن تک اجرت کے 75 فیصد کے برابر ادائیگی پانے کا حقدار ہے۔
- اگر کوئی کارکن کورونا کی وجہ سے وفات پا جاتا ہے تو پھر مزدوروں کے معاوضہ ایکٹ، 1923 کے تحت معاوضہ کے مجاز کمشنر کے ذریعہ اس کے قانونی ورثاء کو پانچ لاکھ روپے موت کا معاوضہ حاصل کرنے کا حق ہے۔
- محفوظ شخص کی موت کی صورت میں ماہانہ بیس ہزار روپے تک آخری تنخواہ کے مساوی رقم اس کے قانونی ورثاء کو دی جائے گی اور اس کے والدین میں سے کسی کی موت
- پر پانچ ہزار روپے PESSI آرڈیننس، 1965 کے تحت بطور تدفین گرانٹ ملیں گے۔
- ہر ایک صنعتی اور تجارتی ملازمت آرڈیننس، 1968 (قائمہ احکامات) کے قائمہ آرڈر نمبر 11 کے تحت معاوضے کے طور پر ملازمت کے پہلے چودہ دن کے دوران میں یومیہ اجرت کے نصف کے برابر رقم کی ادائیگی کا ذمہ دار ہوگا۔








# مختلف دکانوں اور سٹورز کے لیے ایس او پیز یا معیاری طریق کار



## مختلف دکانوں اور سٹورز کے لیے ایس او پیز یا معیاری طریق کار



- داخلے کی جگہوں پر سینیٹائزر کی دستیابی کو یقینی بنایا جائے۔
- خریداری سے پہلے اور بعد میں ہر گاہک کے ہاتھوں کو سینیٹائز کیا جائے۔
- داخلے کی جگہوں پر تھرمل گنز کی دستیابی یقینی بنائی جائے۔
- داخلے پر ہر گاہک کا ٹمپریچر چیک کیا جائے۔
- داخلے پر قطار اور گاہکوں کے درمیان چھ فٹ کے فاصلے کو یقینی بنایا جائے۔
- گاہکوں کو گروہ کی صورت میں داخل نہ ہونے دیا جائے۔
- نزلہ کھانسی اور بخار میں مبتلا گاہکوں کو داخلے کی اجازت نہ دی جائے۔
- ہر گاہک کی شاپنگ ٹرالی یا ٹوکری کو سپرے کیا جائے۔
- فرش کو جراثیم کش ادویہ سے تھوڑی تھوڑی دیر بعد روزانہ باقاعدگی سے صاف کیا جائے۔



- زیادہ استعمال ہونے والے دروازوں کے ہینڈلز، فریج کے ہینڈلز اور ریلنگ مشینوں کی صفائی اور سپرے کو یقینی بنایا جائے۔
- ہر سیلزمین/ہیلپر ماسک اور دستانے استعمال کرے۔
- اے ٹی ایم (ATM) مشین/کریڈٹ/ڈیبٹ کارڈز/موبائل مشینوں کو ہر گاہک کے استعمال سے پہلے اور بعد میں الکوحل سویبز سے صاف کیا جائے اور ایسی ہر مشین کے ساتھ سینیٹائزر کی دستیابی کو یقینی بنایا جائے۔



- پلازہ/سٹور/مارکیٹ/دکان کے داخلی اور واضح جگہوں پر آگاہی اشتہار آویزاں کیے جائیں۔
- دیگر ہدایات جو حکومت کی طرف سے وقتاً فوقتاً جاری کی جائیں۔



کورونا وائرس - روک تھام کے لئے ہدایت نامہ

## دودھ کی دکانوں کے لیے ایس او پیز یا معیاری طریق کار

حسبِ ذیل ایس او پیز پر عمل درآمد کے علاوہ تمام مالکان کو درج ذیل اقدامات لینا ہوں گے:

- ماسک اور دستانوں کے بغیر دودھ اور دہی کو ہاتھ نہ لگائیں۔
- دودھ اور دہی کو ڈھانپ کر رکھیں۔
- گاہک کے ساتھ تین فٹ کا فاصلہ رکھیں۔
- پیسے کا لین دین کرتے ہوئے ہاتھوں کو منہ، ناک، آنکھ سے بچا کے رکھیں۔
- اس بات کو یقینی بنائیں کہ گاہک ایک دوسرے سے محفوظ فاصلے پر قطار بنائیں۔
- پلاسٹک بیگ کا استعمال نہ کریں۔

نوٹ: مجسٹریٹ کے اچانک دورے کے دوران میں ان ہدایات پر عمل درآمد نہ ہونے کی صورت میں سخت سزا ہوگی اور جرمانہ ہوگا۔



## میڈیکل/جنرل سٹورز کے لیے ایس او پیز یا معیاری طریق کار

مشترکہ ایس او پیز پر عمل درآمد کے علاوہ تمام مالکان کو درج ذیل اقدامات لینا ہوں گے۔

1 ماسک اور دستانوں کا استعمال لازمی کریں بغیر دستانوں کے دوائی کو ہاتھ نہ لگائیں۔
2 گاہک کے ساتھ تین فٹ کا فاصلہ رکھیں۔
3 چھینک کا اخراج کرتے ہوئے ہاتھوں کو منہ، ناک، آنکھ سے بچائے رکھیں۔
4 دوکان کے فرش اور کاونٹرز کو روزانہ جراثیم سے پاک کریں۔
5 اس بات کو یقینی بنائیں کہ گاہک ایک دوسرے سے محفوظ فاصلے پر قطار بنائیں۔
6 پلاسٹک بیگ کا استعمال نہ کریں۔

نوٹ: مجسٹریٹ کے اچانک دورے کے دوران میں ان ہدایات پر عمل درآمد نہ ہونے کی صورت میں سخت سزا ہو گی اور جرمانہ ہوگا۔







## تندوروں کے لیے ایس او پیز یا معیاری طریق کار

مشترکہ ایس او پیز پر عمل درآمد کے علاوہ تمام مالکان کو درج ذیل اقدامات لینا ہوں گے:

1 آٹا گوندھنے سے پہلے بیس سیکنڈ تک صابن سے ہاتھ دھوئیں اور پھر ہر ایک گھنٹے بعد ہاتھ دھوئیں۔
2 دستانوں کا استعمال لازمی کریں بغیر دستانوں کے روٹی/ نان کو ہاتھ نہ لگائیں۔
3 آٹے کو ڈھانپ کر رکھیں۔
4 گاہک کے ساتھ تین فٹ کا فاصلہ رکھیں۔
5 چھینک کا اخراج کرتے ہوئے ہاتھوں کو منہ، ناک، آنکھ سے بچائے رکھیں۔
6 دوکان کے فرش اور کاونٹرز کو روزانہ جراثیم سے پاک کریں۔
7 اس بات کو یقینی بنائیں کہ گاہک ایک دوسرے سے محفوظ فاصلے پر قطار بنائیں۔
8 پلاسٹک بیگ کا استعمال نہ کریں۔

نوٹ: مجسٹریٹ کے اچانک دورے کے دوران میں ان ہدایات پر عمل درآمد نہ ہونے کی صورت میں سخت سزا ہو گی اور جرمانہ ہوگا۔



## گوشت کی دکانوں کے لیے ایس او پیز یا معیاری طریق کار

مشترکہ ایس او پیز پر عمل درآمد کے علاوہ تمام مالکان کو درج ذیل اقدامات لینا ہوں گے:

1 جس سینیٹائزنگ صابن اور تازہ پانی سے ہر ایک گھنٹے بعد ہاتھ دھوئیں۔
2 ماسک اور دستانوں کا استعمال لازمی کریں بغیر دستانوں کے گوشت کو ہاتھ نہ لگائیں۔
3 گوشت کو ڈھانپ کر رکھیں۔
4 گاہک کے ساتھ تین فٹ کا فاصلہ رکھیں۔
5 جانوروں کو مذبح خانوں میں ذبح کریں۔
6 پیسے کا لین دین کرتے ہوئے ہاتھوں کو منہ، ناک، آنکھ سے بچائے رکھیں۔
7 دکان کے فرش اور کاؤنٹرز کو روزانہ جراثیم سے پاک کریں۔
8 اس بات کو یقینی بنائیں کہ گاہک ایک دوسرے سے محفوظ فاصلے پر قطار بنائیں۔
9 پلاسٹک بیگ کا استعمال نہ کریں۔

نوٹ: انتظامیہ کے اچانک دورے کے دوران میں ان ہدایات پر عمل درآمد نہ ہونے کی صورت میں سخت سزا ہو گی اور جرمانہ ہو گا۔





کورونا وائرس - روک تھام کے لئے ہدایت نامہ

## لازمی چیک لسٹ

کسی صنعت کے کھولنے کے لیے کووڈ-19 کورونا وائرس کے پھیلاؤ سے تحفظ کو یقینی بنانے کی غرض سے درج ذیل ایس او پیز کو اپنانا ہوگا۔
ان ایس او پیز کو دو اقسام میں تقسیم کیا جائے گا۔

1 صنعتی سرگرمیاں شروع کرنے سے پہلے ایس او پیز کا رد عمل ہونا ضروری ہے۔ انھیں مالک کی جانب سے منتخب شدہ پیپر بیان حلفی کی شکل میں مہیا کرنے کی ضرورت ہوگی۔ طے شدہ معیارات پر عمل درآمد کرنے کے بعد ہی کسی صنعت کو اپنا کاروبار کھولنے کی اجازت ہوگی۔

2 ایس او پیز کا دوسرا مجموعہ روزمرہ سرگرمیوں کا احاطہ کرتا ہے۔ ان کے اطلاق کی تصدیق ہر صنعت کے فوکل پرسن کو روزانہ کی بنیاد پر کرنا ہوگی۔

طے شدہ ایس او پیز کی تعمیل میں ناکامی کا نتیجہ مزدوروں کی زندگیوں کو خطرے میں ڈالنے پر سزا اور صنعتی اسٹیبلشمنٹ کی بندش کی صورت میں نکلے گا۔

## کام شروع کرنے سے پہلے ایس او پیز پر عمل درآمد کی چیک لسٹ

| عمل جو کیا جائے گا | مکمل ہوا ہاں/نہیں |
|---|---|
| اعلیٰ کارکردگی والے ایئر فلٹرز نصب کریں۔ | |
| کام کے ماحول کو زیادہ ہوادار بنانے کے لئے تبدیلیاں کریں | |
| رکاوٹیں لگائیں، جیسے واضح پلاسٹک کے چھینک گارڈ | |
| مقامی طور پر تیار کردہ ڈس انفیکشن مسٹنگ واک تھرو گیٹ نصب کریں | |
| کووڈ-19 کے پھیلاؤ کی روک تھام کے لئے کارکنوں کی تربیت کا بندوبست کریں | |
| تھرمل گن، ٹشوز، نو ٹچ ٹریش کین، ہاتھ دھونے کے صابن، کم از کم 60 فیصد الکوحل والے سینیٹائزرز، جراثیم کش، اور کارکنوں کے لیے ڈسپوزیبل تولیے اور جہاں ضروری ہو ذاتی حفاظت کی کٹس کافی تعداد اور مقدار میں پیشگی آرڈر دیں | |

# COVID-19
## Prevention Guide for Shops stores &
# INDUSTRIAL UNITS



INDUSTRIES, COMMERCE, INVESTMENT & SKILLS DEVELOPMENT DEPARTMENT

GOVERNMENT OF THE PUNJAB

# CONTENT


STEPS ALL EMPLOYERS CAN TAKE TO REDUCE WORKERS' RISK OF EXPOSURE TO COVID-19 PAGE 3

- DEVELOP AN INFECTIOUS DISEASE PREPAREDNESS AND RESPONSE PLAN
- PREPARE TO IMPLEMENT BASIC INFECTION PREVENTION MEASURES

IMPLEMENT WORKPLACE CONTROLS PAGE 7

- ENGINEERING CONTROLS
- ADMINISTRATIVE CONTROLS
- SAFE WORK PRACTICES

MAINTAIN HEALTHY BUSINESS OPERATIONS PAGE 10

- IMPLEMENT FLEXIBLE SICK LEAVE AND SUPPORTIVE POLICIES AND PRACTICES
- ASSESS YOUR ESSENTIAL FUNCTIONS

COMMON STANDARD OPERATING PROCEDURES (SOPs) TO PREVENT COVID-19 SPREAD PAGE 12

SOPs FOR INDUSTRIAL UNITS PAGE 14

- INDUSTRIAL ZONES
- INDUSTRIAL ESTATE OFFICES
- INDUSTRIAL FLOOR/ WORKSPACE
- GOODS TRANSPORTATION IN INDUSTRIAL UNIT OR PREMISES
- SOPs FOR CONSTRUCTION SITES

SOPs FOR VARIOUS SHOPS & STORES PAGE 22

- SOPs FOR RETAIL SHOPS & STORES
- SOPS FOR MILK SHOPS
- SOPS FOR MEDICAL / GENERAL STORES
- SOPs FOR TANDOOR SHOPS
- SOPs FOR MEAT SHOPS






# STEPS ALL EMPLOYERS CAN TAKE TO REDUCE WORKERS' RISK OF EXPOSURE TO COVID-19



Measures for protecting workers from exposure to, and infection with, the novel corona disease, COVID-19, depend on the type of work being performed and exposure risk, including potential for interaction with infectious people and contamination of the work environment. Employers should adopt infection control strategies based on a thorough hazard assessment, using appropriate combinations of engineering and administrative controls, safe work practices, and personal protective equipment (PPE) to prevent worker exposures.

This section describes basic steps that every employer can take to reduce the risk of worker exposure to SARS-CoV-2, the virus that causes COVID-19, in their workplace.

## DEVELOP AN INFECTIOUS DISEASE PREPAREDNESS AND RESPONSE PLAN



